## سوال

قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ یس کی تلاوت کرنا

## جواب

الحمد للہ

جمہور علماء کرام (جن میں احناف، شافعیہ، اور حنابلہ شامل ہیں) کا مسلک ہے کہ قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ یس کی تلاوت کرنی مستحب ہے، انہوں نے بعض دلائل سے استدلال کیا ہے، لیکن یہ سب دلائل ضعیف ہیں:

مسند احمد اور ابو داود میں معقل بن یسار رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اپنی اموات پر یس پڑھا کرو"

مسند احمد حدیث نمبر (19789) سنن ابو داود حدیث نمبر (3121).

یہ حدیث ضعیف ہے، اسے امام نووی رحمہ اللہ نے "الاذکار" میں ضعیف قرار دیا ہے

اور "التلخیص" میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں:

"ابن قطان نے اس کی علت اضطراب اور موقوف اور ابو عثمان اور اس کے باپ کے مجہول ہونا بیان کیا ہے، اور ابن العربی نے دار قطنی سے نقل کیا ہے کہ اس حدیث کی سند ضعیف اور متن مجہول ہے، اور اس باب میں کوئی بھی حدیث صحیح نہیں" انتہی

دیکھیں: التلخیص (104/2).

اور علامہ البانی رحمہ اللہ نے بھی اسے ارواء الغلیل میں ضعیف قرار دیا ہے

دیکھیں: ارواء الغلیل (688).

اور امام احمد نے صفوان رحمہ اللہ سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں مجھے مشائخ نے بیان کیا کہ وہ غضیف بن الحارث الثمالی (جو کہ صحابی ہیں) کی موت کے وقت ان کے پاس حاضر ہوئے تو وہ کہنے لگے: کیا تم میں سے کوئی یس کی تلاوت کرتا ہے؟

تو صالح بن شریح السکونی نے سورۃ یس کی تلاوت شروع کی اور جب وہ چالیس آیت کی تلاوت کر چکے تو ان کی روح قبض ہوگئی، راوی کہتے ہیں: تو مشائخ کہا کرتے تھے: جب میت کے پاس سورۃ یس کی تلاوت کی جائے تو اس کی بنا پر اس سے تخفیف ہو جاتی ہے

صفوان رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور عیسی بن معتمر نے ابن معبد کے پاس سورۃ یس کی تلاوت کی تھی"

مسند احمد (105/4) حدیث نمبر (16521).

اور "الاصابۃ" میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

اس کی سند حسن ہے

دیکھیں : الاصابۃ (324/5).

اور مزید تفصیل کے لیے آپ المجموع للنووی (105/5) اور شرح المنتھی الارادات (341/1) اور حاشیۃ ابن عابدین (191/2) کا بھی مطالعہ کریں

اور شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بھی یہی قول اختیار کیا ہے :

"اور موت کے بعد میت پر قرآن مجید کی تلاوت بدعت ہے، بخلاف قریب الموت شخص کے، کیونکہ قریب المرگ شخص پر سورۃ یس کی تلاوت کرنا مستحب ہے" انتہی

دیکھیں : الاختیارات صفحہ نمبر (91).

علماء کا کہنا ہے کہ اس کے مستحب ہونے کا سبب یہ ہے کہ :

یہ سورۃ توحید اور روز قیامت دوبارہ اٹھنے اور توحید پر مرنے والے شخص کے لیے جنت کی خوشخبری پر مشتمل ہے، جو کہ درج ذیل آیت میں بیان کی گئی ہے :

**کاش میری قوم کو بھی علم ہو جاتا کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا ہے.**

تو اس سے روح خوش ہو جاتی ہے اور اس کا نکلنا آسان ہو جاتا ہے

دیکھیں : مطالب اولی النھی (837/1).

اور امام مالک رحمہ اللہ نے قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ یس یا کوئی اور سورۃ تلاوت کرنا مکروہ کہا ہے، کیونکہ اس سلسلے میں جو احادیث وارد ہیں وہ ضعیف ہیں، اور اس لیے بھی کہ یہ (مدینہ کے) لوگوں کا عمل نہیں ہے

دیکھیں : الفواکہ الدوانی (284/1) شرح مختصر خلیل (137/2)

اور علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی "احکام الجنائز" میں کہتے ہیں :

"اور رہا مسئلہ اس (یعنی قریب المرگ شخص) کے پاس سورۃ یس کی قرآت کا، اور اس کا رخ قبلہ کی جانب کرنے کا تو اس میں کوئی بھی صحیح حدیث نہیں ملتی" انتہی

اور شیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ تعالی سے سوال کیا گیا :

کیا قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ (یس) کی تلاوت کرنا جائز ہے ؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا :

"قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ (یس) کی تلاوت کرنے کے متعلق معقل بن یسار رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث آئی ہے کہ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اپنے مرنے والوں پر سورۃ یس کی تلاوت کیا کرو"

کچھ لوگوں نے اسے صحیح قرار دیا اور خیال کیا ہے اس کی سند جید ہے، اور ابو عثمان نھدی عن معقل بن یسار کی روایت میں سے ہے، اور بعض دوسرے لوگوں نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے، ان کا کہنا ہے کہ راوی ابو عثمان نھدی نہیں بلکہ کوئی اور مجھول شخص ہے

چنانچہ اس سلسلے میں معروف حدیث ابو عثمان کی جہالت کی بنا پر ضعیف ہے، اس لیے مرنے والوں پر سورۃ یس کی تلاوت کرنا مستحب نہیں، اور جو شخص اسے مستحب کہتا ہے اس نے حدیث صحیح ہونے کے خیال سے اسے مستحب قرار دیا ہے

لیکن مریض کے پاس قرآن مجید پڑھنا ایک اچھی چیز ہے، ہو سکتا ہے اللہ تعالی اس سے مریض کو فائدہ دے، لیکن سورۃ یس کی تخصیص کر لینا یہ صحیح نہیں، اس میں وارد شدہ حدیث ضعیف ہے، لہذا سورۃ یس کی تخصیص کرنے کی کوئی وجہ نہیں" انتہی

دیکھیں: فتاوی ابن باز (93/13).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا:

کیا قریب المرگ کے پاس سورۃ (یس) کی تلاوت کرنا سنت سے ثابت ہے یا نہیں؟

شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

"قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ (یس) کی تلاوت بہت سے علماء کرام کے ہاں سنت ہے،

کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"اپنے مرنے والوں پر یس کی تلاوت کیا کرو"

لیکن یہ حدیث صحیح نہیں، بعض علماء نے اس میں کلام کی اور اسے ضعیف قرار دیا ہے، تو جس نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے اس کے ہاں سورۃ یس کی تلاوت سنت ہے، اور جس نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے اس کے نزدیک سنت نہیں, واللہ اعلم" انتہی

دیکھیں: فتاوی ابن عثیمین (72/17).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا یہ بھی کہنا ہے:

"اپنے مرنے والوں پر یس کی تلاوت کرو"

یہ حدیث ضعیف ہے، اس میں کچھ ضعف پایا جاتا ہے، اور اگر حدیث صحیح ہو تو پھر سورۃ یس تلاوت کرنے کی جگہ اور وقت وہ ہے جب میت حالت نزع میں ہو، تو اس پر سورۃ یس کی تلاوت کی جائے، اہل علم کا کہنا ہے:

اس میں فائدہ یہ ہے کہ روح آسانی سے نکل جاتی ہے، کیونکہ اس سورۃ میں یہ آیت اور فرمان باری تعالی ہے :

کہا گیا تو جنت میں داخل ہو جا، اس نے کہا کاش میری قوم کو بھے یہ علم ہو جاتا کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا ہے، اور مجھے باعزت لوگوں میں سے کر دیا ہے.

تو اگر یہ حدیث صحیح ہو تو قریب المرگ شخص کے پاس سورۃ یس پڑھے، لیکن قبر پر پڑھنے کی تو کوئی اصل نہیں ہے " انتہی

دیکھیں : فتاوی ابن عثیمین ( 74/17 ).

واللہ اعلم .